Ref#:240103

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

دعوتِ اسلامی کے اداروں کے باہر ڈونیشن کاؤنٹرز منتقلی کی وضاحت

مختلف پوائنٹس پر لگنے والے ڈونیشن کاؤنٹرز مدنی مراکز کے باہر شفٹ کرنے سے متعلق نوٹیفکیشن پہلے جاری ہو چکا ہے۔ مزید اپڈیٹ یہ ہے کہ دعوتِ اسلامی کے اداروں مثلاً جامعۃ المدینہ (بوائز، گرلز) مدرسۃ المدینہ (بوائز، گرلز) فیضانِ مدینہ، شعبہ ائمہ مساجد کے تحت والی ایسی مساجد جن کی آمدن و خرچ فنانس ڈیپارٹمنٹ ڈِیل کرتا ہے، **ان کے باہر انہی اِداروں کے ڈونیشن کاؤنٹرز لگیں گے۔**

اداروں کے باہر سے مراد

- اگر ادارہ مین روڈ پر ہے تو ادارے کے مین گیٹ پر ڈونیشن کاؤنٹر لگایا جاسکتا ہے۔
- ادارہ مین روڈ پر ہے اور روڈ وَن وے ہے، دونوں طرف ٹریفک کی آمدورفت ہے تو دونوں جانب لگایا جاسکتا ہے۔
- ادارہ لنک روڈ یا گلی کے اندر ہے اور مین روڈ کچھ فاصلے پر (مثلاً 100 / 200 میٹر تک) ہے اور عرفِ عام ہو کہ یہ روڈ / گلی ادارے کو جاتی ہے، روڈ پر ادارے کا بورڈ لگا ہو تو بورڈ کے قریب لگایا جاسکتا ہے۔
- ادارہ مین مارکیٹ / بازار کے اندر ہونے کی صورت میں بازار کے اندر ادارے کے سامنے لگایا جاسکتا ہے۔
- ادارہ کسی منڈی (مثلاً غلہ منڈی، سبزی منڈی وغیرہ) کے اندر ہو تو منڈی کے مین گیٹ پر کسی نمایاں جگہ لگایا جاسکتا ہے۔ (یہاں بھی ادارہ مشہور ہو اور بورڈ لگا ہو)۔

ڈونیشن سیل ڈپارٹمنٹ (دعوتِ اسلامی)

پاکستان مشاورت آفس / 12 رجب شریف 1445ھ، 24 جنوری 2024ء